حسین رضي الله تعالی عنہ کا سر کہاں دفن ہے

أين دفن رأس الحسين

[أردو - اردو - urdu]

شیخ محمد صالح المنجد

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ

تنسیق: اسلام ہا ؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب

تنسيق: موقع islamhouse

2013 - 1434

IslamHouse.com

حسين رضي الله تعالی عنہ کا سر کہاں دفن ہے

اہل مصر کا دعوی ہے کہ حسين رضي الله تعالی عنہ کا سر ان کے ہاں دفن ہے ، اوراہل عراق نے ایک مسجد کا نام مشہد حسینی رکھا ہوا ہے ، مجھے یہ علم نہیں کہ صحیح کیا ہے اورعلماء کے اقوال میں سے راجح قول کے مطابق حسين رضي الله تعالی عنہ کی قبر کہاں ہے ؟

الحمد لله

حسين رضي الله تعالی عنہ کی شہادت محرم ٦١ ھجری کوعراق میں ہوئ اوران کا جسد خاکی عراق میں ہی دفن ہوا ، اوریہ دعوی کہ ان کا سر مصر منتقل کرکے وہاں دفن کیاگیا توہمیں اس کی کسی دلیل کا علم نہیں اورنہ اصل کا علم ہے بلکہ اہل علم میں سے بعض محققین نے تواس کا انکار کیا ہے ، اورآپکی اس چیزسے جہالت آپ کوکوئ نقصان نہیں دے گی ۔

بلکہ آپ اوردوسرے مسلمانوں کے لیے مشروع تویہ ہے کہ انہیں اورباقی سب صحابہ کرام کے لیے رضي الله تعالی عنہ کا لفظ بولا کریں اوراسی کا عقیدہ بھی رکھیں اللہ تعالی ان سب سے راضي ہو آمین ۔

اوراللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اورصحابہ پر رحمتیں برسائے آمین یا رب العالمین .